WATTAN
The Urdu Daily

روزنامہ
وطن
بڈگام

بدھوار
27 مئی 2026
WEDNESDAY
27 MAY - 2026

صفحہ 08 — پہلے سیٹ میں شکست کے بعد نوواک جوکووچ کی شاندار واپسی

صفحہ 08 — الامین جمال کا نام ورلڈ کپ کیلئے ہسپانوی ٹیم میں شامل

The Urdu Daily WATTAN Budgam | RNI No. JKURD/2011/37141 | قیمت: 02 روپے | صفحات: 08 | شمارہ نمبر: 125 | جلد: 16

عید سادگی اور صفائی کیساتھ منائیں
قربانی کی آلائشیں سڑکوں پر نہ پھینکیں
مفتی اعظم نصر الاسلام کی عوام سے اپیل

سری نگر،۲۶ مئی (ررجے کے این ایس): جموں و کشمیر مفتی اعظم، مفتی ناصر الاسلام نے عید الاضحیٰ کے موقع پر عوام سے اپیل کی ہے کہ عید کو سادگی، صفائی اور ذمہ داری کے ساتھ منایا جائے اور قربانی کے جانوروں کی آلائشیں، کھالیں اور باقیات سڑکوں یا عوامی مقامات پر نہ پھینکی جائیں۔ جے کے این ایس کے مطابق سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مفتی اعظم مفتی ناصر الاسلام نے کہا کہ قربانی ایک عظیم عبادت ہے اور اس کے تقاضوں کو اسلامی تعلیمات اور سماجی ذمہ داری کے مطابق ادا کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جانوروں کی آلائشیں اور کھالیں سڑکوں پر پھینکنا نہ صرف غیر/101

لبیک الّٰھم لبیک، لبیک لاشریک لک لبیک

آج جموں وکشمیر سمیت پورے جنوبی ایشیاء میں عید الاضحیٰ کی تقریب سعید

خشو وخضو اور تزک واحتشام کیساتھ منائی جارہی ہے

عیدگاہوں اور کھلی جگہوں میں نماز عید کے عظیم الشان اور بابرکت اجتماعات

سب سے بڑا اور رُوح پرا جتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوگا، لاکھوں فرزندان اسلام ہونگے بارگاہِ الٰہی میں ایک ساتھ سربسجود

سری نگر،۲۶ مئی (ررجے کے این ایس): آج سنت ابراہیمی کے تحت پورے دنیا کے بیشتر خطوں وملکوں بشمول جنوبی ایشیاء کے سبھی ممالک میں عید الاضحیٰ کی تقریب سعید خشوو خضوع اور تزک واحتشام کیساتھ منائی جارہی ہے۔ جموں وکشمیر میں لاکھوں فرزندان اسلام بشمول بزرگ، نوجوان اور چھوٹے بچے آج صبح سے

ہی 'لبیک الّٰھم لبیک، لبیک لاشریک لک لبیک' کا ورد کرتے ہوئے نہانے کے بعد نئے صاف اور پاک ملبوسات اور سر پر ٹوپیاں پہن کر نزدیکی عیدگاہوں کی جانب روانہ ہونگے۔ راستے میں لوگ ایک دوسرے کو عید مبارک پیش کرتے ہوئے مصافحہ کریں گے اور ایک دوسرے سے/1021

لیفٹیننٹ گورنر نے عید الاضحیٰ کے موقعہ پر عوام کو مُبارک باد دی

سری نگر (ررانفو): لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے عید الاضحیٰ کے موقعہ پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو دلی مُبارک باد پیش کی ہے۔ اُنہوں نے اپنے پیغام میں کہا، ''میں عید الاضحیٰ کے موقعہ پر سبھی لوگوں کو اپنی دلی مُبارک باد اور نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔ عید الاضحیٰ قربانی، اتحاد اور بھائی چارے کے جذبے کا تہوار ہے۔ یہ مقدس موقعہ انسانیت کو محبت، ہمدردی اور درگزر جیسی ابدی اقدار کو اپنانے کی یاد دلاتا ہے۔ دُعا ہے کہ یہ عید ہر ایک کی زندگی میں خوشی، امن اور ترقی کی نوید لے کر آئے۔''

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عید الاضحیٰ کے موقعہ پر لوگوں کو مُبارک باد پیش کی

سری نگر (ررانفو): وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عید الاضحیٰ کے موقعہ پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو مُبارک باد پیش کی ہے۔ اُنہوں نے اُپنے پیغام میں جموں وکشمیر اور اس سے باہر کے لوگوں کو دلی مُبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عید الاضحیٰ قربانی، ہمدردی، سخاوت اور اللہ سبحان وتعالیٰ کی رضا کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کے جذبے کی علامت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے/103

آپریشن سندور کے دوران بی ایس ایف نے سرحدوں کی حفاظت
اور لوگوں میں اعتماد بحال رکھنے کیلئے خدمات انجام دی/ امیت شاہ

دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس کے موقف پر قائم اور دراندازی کو ناممکن بنا کر ہی دم لیں گے

سرینگر، 26 مئی (ررا ے پی آئی): آپریشن سندور کے دوران بارڈر سیکورٹی فورسز (بی ایس ایف) کے کردار کی ستائش کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ فورسز نے نہ صرف سرحدوں کی

مضبوطی سے حفاظت کی بلکہ سرحدی اضلاع میں رہنے والے لوگوں کے حوصلے بھی بلند کئے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق راجستھان کے بیکانیر میں سانچو سرحد آوٹ پوسٹ پر/104

جاوید رانا نے عید الاضحیٰ کے موقعہ پر جموں وکشمیر کے لوگوں مُبارک باد پیش کی

سری نگر (ررانفو): وزیر برائے جل شکتی، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور محکمہ جات جاوید احمد رانا نے آج عید الاضحیٰ کے موقعہ پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو دلی مُبارک باد پیش کی اور اس تقریب سعید کو قربانی، ہمدردی اور ایثار کی علامت قرار دیا۔ اُنہوں نے اُپنے/105

ڈی جی پی نلن پربھت نے عید الاضحیٰ اور امرناتھ یاترا 2026 کے لیے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

حساس مقامات پر سخت نگرانی، اینٹی سبوتاج ٹیموں اور جدید نگرانی نظام کی ہدایت

سرینگر، 26 مئی (وی او آئی): جموں و کشمیر کے ڈائریکٹر جنرل پولیس (ڈی جی پی) نلن پربھت آئی پی ایس نے پولیس کنٹرول روم کشمیر میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں عید الاضحیٰ اور شری امرناتھ جی یاترا 2026 کے لیے سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وی او آئی کے مطابق جموں و کشمیر کے ڈائریکٹر جنرل پولیس (ڈی جی پی) نلن پربھت آئی پی ایس نے پولیس کنٹرول روم کشمیر میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں عید الاضحیٰ اور شری امرناتھ جی یاترا

2026 کے لیے سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں جے کے پولیس، سی آر پی ایف، آئی ٹی بی پی، ٹریفک پولیس، ریلوے اور دیگر سیکورٹی ایجنسیوں کے سینئر افسران شریک ہوئے۔ اس موقع پر/106



کیا آپ کا بچہ اسکول جانے سے کتراتا ہے؟

ہوسکتا ہے آپ کا بچہ کسی نفسیاتی یا جذباتی مسئلے کا شکار ہو

اسکول جانے کا مرحلہ کبھی نہ کبھی ہر خوش نصیب بچے کی زندگی میں ضرور آتا ہے۔ خوش نصیب اس لیے کہ ہمارے ملک پاکستان سمیت دنیا بھر میں بہت سے بچے تدریسی سہولیات سے محروم ہیں اور مقام افسوس ہے کہ بچوں کی بہتری اور انہیں معاشرے کا کارآمد فرد بنانے کیلیے عملی طور پر خاطر خواہ اقدامات نہیں کیے جاتے۔

مسئلہ صرف ان بچوں کا نہیں جو اسکول نہیں جاتے بلکہ اصل مسئلہ ان بچوں کا بھی سامنے آتا ہے جہاں بچہ اسکول جانے سے کتراتا ہے۔ ابتدا میں اگر بچہ اسکول سے واپس گھر آئے یا ضد کرے اور روئے تب تو بات سمجھ میں آتی ہے کہ فطری طور پر اسکول بچے کیلیے ایک نیا ماحول ہے اور اسے وہاں ایڈجسٹ ہونے میں کچھ وقت لگے گا۔ لیکن جب بچہ باقاعدگی سے اسکول جارہا ہو اور ساتھ ساتھ نہ جانے کیلیے مختلف توجیہات بھی پیش کرے تو پھر ایسی وجوہات کا جائزہ لینا چاہیے کہ آخر ایسا کیا ہوگیا کہ بچہ اسکول جانے سے گھبراتا ہے یا وہ پڑھائی میں دلچسپی نہیں لے رہا۔

بچوں کو سختی یا بار بار نرمی سے سمجھانے کے بجائے مسئلے کی اصل تہہ تک پہنچنا ضروری ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں بچوں کے والدین، اساتذہ اور بڑے بہن بھائی ان سے اتنے بے تکلف نہیں ہوتے کہ بچہ ایک دم سے اپنی تمام تر تکالیف انھیں بتادے، اس لیے ان تمام بڑے افراد کی اجتماعی ذمے داری ہے کہ بچے کے مسائل کو سمجھنے اور ان کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ کچھ ایسی علامات بالکل واضح ہوتی ہیں جو آپ پر یہ آشکار کردیتی ہیں کہ آپ کا بچہ کسی نفسیاتی یا جذباتی مسئلے کا شکار ہے۔

بچے کے تعلیمی معیار کی مسلسل تنزلی

پہلی علامت تو یہ ہوتی ہے کہ بچہ ایک دم سے کلاس میں عدم دلچسپی کا اظہار کررہا ہے۔ اگر پہلے اس کے گریڈز اے پلس آتے تھے تو اب وہ بہ مشکل پاس ہورہا ہے، ساتھ ہی بچے کو جو ہوم ورک اور اسائنمنٹ دیے جاتے ہیں وہ ان کو مکمل کرنے میں مشکل محسوس کررہا ہے۔

بچے کے رویے سے متعلق اساتذہ کی شکایات

بچوں کی پڑھائی میں عدم دلچسپی کی علامت یہ بھی ہوتی ہے کہ اس کے اساتذہ والدین سے روزانہ کی بنیاد پر اس کی شکایات کررہے ہیں، اب چاہے وہ آپ کو بچے کے دوست کے ہاتھوں پیغام بھجوائیں یا براہ راست بلوائیں یا پھر ٹیچرز ڈائری پر یہ سب تحریر کریں، اس سب کے پیچھے یہی ہوتا ہے کہ ایک تو بچہ سبق ٹھیک طریقے سے یاد نہیں کررہا، ہوم ورک نہیں کرتا، کلاس میں غائب دماغ رہتا ہے اور استاد کا کہا بالکل بھی نہیں مانتا۔

بچے کے اندر جذباتی تبدیلیاں

بچے میں ایسی تبدیلیاں جو قابل محسوس ہوں یہ بھی ایک علامت ہوتی ہے، اس میں اعتماد کی کمی ہوجاتی ہے، وہ غصے میں چلاتا اور چیزوں کو توڑ پھوڑ کرتا ہے، ضد کرتا اور بات نہیں مانتا۔ کیونکہ بچہ ابھی چھوٹا ہوتا ہے اور اس کی جذباتی نشوونما بتدریج ہورہی ہوتی ہے اس لیے وہ اپنے ساتھ پیش آنے والی مشکلات کا اظہار لفظوں میں نہیں کرسکتا تو پھر وہ اپنی جذباتی کیفیات کو ہی اپنا سہارا بناتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ پہلے دوست بناتا تھا اور کلاس میں بھی گھل مل کر رہتا تھا لیکن اب اچانک اس کے اندر یہ تبدیلی پیدا ہوئی کہ وہ نئے دوست بنانا تو درکنار پرانے ساتھیوں سے بھی جان چھڑانا چاہ رہا ہے، حد سے زیادہ شرمیلا ہوگیا ہے اور کسی قسم کی سماجی تقریبات میں شرکت بھی نہیں کرتا۔ یہ ایک الارمنگ صورتحال ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر سب بہن بھائی کسی سالگرہ پر جارہے ہیں اور بچہ منہ بنائے گھر بیٹھا ہے، کہیں گھر والے شادی پر جارہے ہیں تو بچہ نہ جانے کی ضد کرے، غصہ کرے اور کترائے تو سمجھ جائیں کہ بچے میں نفسیاتی مسائل پیدا ہورہے ہیں۔

ڈسپلن کی کمی

ایسے بچے جو اسکول جانے سے بھاگتے ہیں ان میں ڈسپلن کی کمی ہوتی ہے۔ وہ مقررہ وقت میں اسائنمنٹ مکمل نہیں کرسکتے، جیسا کہ ایسے بچے گھر آکر ڈائری نہیں دکھاتے، ہوم ورک کرنا بھول جاتے ہیں یا ٹال مٹول کرتے ہیں۔ اب بچہ جان بوجھ کر ایسا نہیں کرتا لیکن اس سے لاشعوری طور پر یہ ہوجاتا ہے۔ بچہ کوشش بہت کرتا ہے کہ وہ اپنے طرز عمل سے والدین کو اپنا مسئلہ سمجھا دے لیکن ایسا نہیں ہوتا کیونکہ والدین الفاظ کی زبان کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔

بچے میں جسمانی تبدیلیاں

بچے میں بظاہر جسمانی تبدیلیاں جن میں معدہ میں درد، تیز سانس لینا، پیٹ خراب یا سر درد اچانک ہوجاتا ہے اور کئی دفعہ ان کی کوئی طبی وجہ نہیں ہوتی بلکہ یہ صرف اسکول نہ جانے کے بہانے بھی ہوسکتے ہیں۔

اب ان سب مسائل کا حل توجہ اور محبت ہے۔ والدین، اساتذہ اور بہن بھائیوں کو توجہ سے بچے کی بات کو سننا چاہیے۔ بچے کو بولنے کا موقع دیں چاہے وہ چند ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں ہی بولے۔ اسے کہیں کہ جو وہ محسوس کرتا ہے وہ لفظوں میں بتانے کی کوشش کرے۔ اگر وہ سب کے سامنے کوئی بھی بات نہیں بتانا چاہتا تو اس پر دباؤ مت ڈالیں، بلکہ اسے علیحدگی میں لے جاکر اسے اعتماد دلائیں لیکن یہ کام صرف والدین کریں کیونکہ والدین کے سوا کسی اور کے پاس تنہائی میں بچہ محفوظ نہیں ہوسکتا۔ بچے کے جملوں کو اپنے چھوٹے چھوٹے الفاظ سے مکمل کریں، اسے اچھی اور کامیابی سے متعلق ویڈیوز دکھائیں اور تنہا نہ رہنے دیں۔

بچوں کو یہ یقین دلائیں کہ اسکول جانے میں اس کی بہتری ہے، کبھی تھوڑی سختی اور کبھی نرمی کا اظہار کریں لیکن یہ دونوں چیزیں اپنی انتہا پر نہیں ہونی چاہئیں۔ اب بات آتی ہے بچوں کے اساتذہ کے ساتھ تعلق بنانے کی، ہر بچہ کسی نہ کسی ٹیچر کے ساتھ اٹیچ ہوتا ہے، ان کی بات مانتا اور سنتا ہے۔

ایسی صورت میں بچے کے پسندیدہ ٹیچر کے بارے میں جانیں، انھیں بچوں کے حالات کے بارے میں بتائیں، اور ایک ایسا بہترین رشتہ استوار کریں کہ وہ آپ کے بچے سے متعلق ہر بات آپ سے شیئر کرنے میں کوئی جھجک محسوس نہ کریں۔

بچے کو کلاس میں اس کا کوئی ہم جماعت تنگ کررہا ہے یا بڑی کلاسوں کے بچے اس کے ساتھ غلط رویہ اپنائے ہوئے ہیں تو والدین پہلے بچے سے اور پھر اساتذہ سے دریافت کریں اور مسئلے کی تہہ تک پہنچیں۔ اکثر اوقات چھوٹے بچے ڈر کی وجہ سے اپنے شریر ہم جماعتوں کی شکایت نہیں کرتے اور اندر ہی اندر گھٹتے رہتے ہیں، اس کی وجہ سے وہ تلخ، پریشان اور غصیلے ہوجاتے ہیں۔ ان تمام تر باتوں کے باوجود بھی اگر بچہ بدستور اسی پوزیشن پر قائم ہے تو پھر بچے کے سلسلے میں ماہر نفسیات سے رابطہ کرنا چاہیے تاکہ گفت و شنید کے ذریعے بچے کو پھر سے نارمل زندگی کی طرف لایا جاسکے۔

تحریر۔۔۔۔راضیہ سید

بخیل کی مذمت

اللہ کسی اترانے والے شیخی باز سے محبّت نہیں کرتا، جو خود بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کی ترغیب دیتے ہیں

مولانا قاری محمد سلمان عثمانی

بخل کے معنی کسی چیز کو مضبوطی سے پکڑ لینے، اس کا حریص بننے اور دوسروں سے روک رکھنے کے ہیں، بخل نہایت بُری خصلت ہے۔یہ کم عقلی کی علامت ہے۔ بخیل، اللہ کے ہاں ناپسندیدہ شخص ہے۔ یہ ایک ایسی بد خصلت ہے جو انسان کی زندگی کے کسی ایک پہلو ہی پر اثر نہیں ڈالتی بل کہ اس کی سوچ اور عمل دونوں پر حاوی ہو جاتی ہے۔

بخل انسان کو اس طرح جکڑ لیتا ہے کہ وہ تمام عمر اس کے اثر سے نہیں نکل پاتا۔ بخل معنی کے لحاظ سے کرم کی ضد ہے۔ کرم کے معنی میں عطیہ، سخاوت اور خرچ کرنا شامل ہے جب کہ بخل میں نا صرف رکنا بل کہ خرچ کرنے کی جگہ پر روک لینا مراد ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ کا مفہوم ہے: ''اور اس نے مال جمع کیا پھر اسے تقسیم سے روکے رکھا۔'' (سورۃ المعارج)

بخل کرنے والے کے لیے قرآن وحدیث میں مذمت آئی ہے اور سخت وعیدیں ہیں، جس کو متعدد مقامات پر بیان کیا گیا ہے، بخل کے معنی کنجوسی کے ہیں اور جہاں خرچ کرنا شرعاً اور عادتاً لازم ہو وہاں خرچ نہ کرنا بخل کہلاتا ہے، یا جس جگہ مال واسباب خرچ کرنا ضروری ہو وہاں خرچ نہ کرنا بخل ہے۔ بخل درحقیقت مال کی محبت ہے اور مال کی محبت قلب کو دنیا کی طرف متوجہ کردیتی ہے جس سے اللہ کی محبت ضعیف و کم زور ہو جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتے ہیں، مفہوم: ''اور جو بخل کرتے ہیں اس چیز میں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی ہرگز اسے اپنے لیے اچھا نہ سمجھیں بل کہ وہ ان کے لیے بُرا ہے۔ عن قریب وہ جس میں بخل کیا تھا قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق ہوگا اور اللہ ہی وارث ہے آسمانوں اور زمین کا اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔'' (آل عمران)

بخیل کو اللہ کی مخلوق اور اللہ کی راہ میں کیے جانے والے کاموں سے بالکل رغبت نہیں ہوتی۔ اس کی محبت کا محور تو صرف اس کی اپنی دولت ہوتی ہے وہ اسی کو زندگی کو مقصود نظر جانتا اور مانتا ہے، اللہ تعالیٰ ایسے ہی لوگوں کے بارے میں فرماتا ہے، مفہوم: ''اللہ کسی اترانے والے شیخی باز سے محبت نہیں کرتا، جو خود بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کی ترغیب دیتے ہیں۔ سنو! جو بھی منہ پھیرے، اللہ بے نیاز اور سزاوار حمد وثناء ہے۔'' (الحدید)

بخل کے بارے میں ایک اور مقام پر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اپنے آپ کو بخل سے بچاؤ کہ اس نے پہلی اُمتوں کو ہلاک کردیا ہے۔ پس مسلمانوں کے شایان شان نہیں کہ وہ بخل کریں اور جہنم میں جائیں۔ بخل کے معنی میں اکثر علماء اس طرف گئے ہیں کہ واجب کا ادا نہ کرنا بخل ہے۔

اسی لیے بخل پر شدید وعیدیں آئی ہیں۔ ترمذی کی حدیث میں ہے بخل اور بد خلقی یہ دو خصلتیں ایمان دار میں جمع نہیں ہوتیں۔

اکثر مفسرین نے فرمایا کہ یہاں بخل سے زکوٰۃ کا نہ دینا مراد ہے، بخاری شریف کی حدیث میں ہے کہ جس کو آپ نے مال دیا اور اس نے زکوٰۃ ادا نہ کی روز قیامت وہ مال سانپ بن کر اس کو طوق کی طرح لپٹے گا اور یہ کہہ کر ڈستا جائے گا کہ میں تیرا مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں۔

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، مفہوم: ''لالچ سے بچتے رہو کیوں کہ تم سے پہلی قومیں لالچ کی وجہ سے ہلاک ہوئیں، لالچ نے انہیں بخل پر آمادہ کیا تو وہ بخل کرنے لگے اور جب قطع رحمی کا خیال دلایا تو انہوں نے قطع رحمی کی اور جب گناہ سے باز رہنے کا حکم دیا تو وہ گناہ میں پڑ گئے۔''

بخل ایک نہایت ہی قبیح اور مذموم فعل ہے، نیز بخل بسا اوقات دیگر کئی گناہوں کا بھی سبب بن جاتا ہے اس لیے ہر مسلمان کو اس سے بچنا لازم ہے۔ بخل کے پانچ اسباب ہیں اور ان کا علاج بھی اس طرح ہے۔ بخل کا پہلا سبب تنگ دستی کا خوف ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ بندہ اس بات کو ہمیشہ ذہن میں رکھے کہ راہ خدا میں مال خرچ کرنے سے کمی نہیں آتی بل کہ اضافہ ہوتا ہے۔

بخل کا دوسرا سبب مال سے محبت ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ بندہ قبر کی تنہائی کو یاد کرے کہ میرا یہ مال قبر میں میرے کسی کام نہ آئے گا بل کہ میرے مرنے کے بعد ورثاء اسے بے دردی سے تصرف میں لائیں گے۔ بخل کا تیسرا سبب نفسانی خواہشات کا غلبہ ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ بندہ خواہشات نفسانی کے نقصانات اور اس کے اُخروی انجام کا متواتر مطالعہ کرے۔ بخل کا چوتھا سبب بچوں کے روشن مستقبل کی خواہش ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ پر بھروسا رکھنے میں اپنے اعتقاد و یقین کو مزید پختہ کرے کہ جس رب نے میرا مستقبل بہتر بنایا ہے وہی رب میرے بچوں کے مستقبل کو بھی بہتر بنانے پر قادر ہے۔ بخل کا پانچواں سبب آخرت کے معاملے میں غفلت ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ بندہ اس بات پر غور کرے کہ مرنے کے بعد جو مال و دولت میں نے راہ خدا میں خرچ کیا وہ مجھے نفع دے سکتا ہے، لہٰذا اس فانی مال سے نفع اٹھانے کے لیے اسے نیکی کے کاموں میں خرچ کرنا ہی عقل مندی ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا، مفہوم: ''بندوں پر کوئی صبح نہیں آتی مگر اس میں دو فرشتے نازل ہوتے ہیں، ان میں سے ایک کہتا ہے: اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا بدل عطا فرما۔ اور دوسرا کہتا ہے: اے اللہ! بخل کرنے والے کو تباہی عطا کر۔'' (صحیح بخاری)

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا، مفہوم: ''ظلم کرنے سے بچو کیوں کہ ظلم قیامت کے دن تاریکی ہے اور بخل سے بچو کیوں کہ بخل نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا ہے اور بخل ہی کی وجہ سے اپنوں نے لوگوں کے خون بہائے اور حرام کو حلال کیا۔'' (صحیح مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ حضور ﷺ کا ارشاد مبارک نقل کرتے ہیں، مفہوم: ''بدترین عادتیں جو کسی انسان میں ہوں وہ دو ہیں: ایک وہ بخل جو بے صبر کردینے والا ہے، دوسرے وہ بزدلی ہے جو جان نکال دینے والی ہو۔'' (ابوداؤد)

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، مفہوم: ''وہ شخص مومن نہیں جو خود تو پیٹ بھر کر کھانا کھالے اور پاس ہی اس کا پڑوسی بھوکا رہے۔'' (شعب الایمان، مشکوٰۃ)

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے، مفہوم: سخاوت، جنت میں ایک درخت ہے، پس جو شخص سخی ہوگا، وہ اس کی ایک ٹہنی پکڑ لے گا، جس کے ذریعے وہ جنت میں داخل ہوجائے گا، اور بخل جہنم کا ایک درخت ہے جو شخص بخیل ہوگا وہ اس کی ایک شاخ پکڑ لے گا، یہاں تک کہ وہ ٹہنی اسے جہنم میں داخل کرکے ہی رہے گا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام ''سخا'' ہے۔ سخاوت اسی سے پیدا ہوتی ہے اور دوزخ میں ایک درخت ہے جس کا نام ''شح'' ہے، شح (بخل) اسی سے پیدا ہوا ہے، اس لیے شحیح (بخیل) جنت میں نہیں جائے گا۔

(شعب الایمان، مشکوٰۃ)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے راستے میں خرچ کرنے کی توفیق نصیب فرمائے اور بخل سے بچائے۔ آمین

سعودی عرب: یومِ عرفہ پر 33 سال بعد مکہ مکرمہ میں سورج عین خانہ کعبہ کے اوپر

نئی دہلی (ایم این این): تفصیلات کے مطابق اس سال حج کے بابرکت موقع پر مکہ مکرمہ میں ایک انتہائی نایاب اور تاریخی فلکیاتی واقعہ رونما ہونے جا رہا ہے، جہاں سورج عین یوم عرفہ کے دن خانہ کعبہ کے بالکل اوپر آجائے گا۔ ماہرین فلکیات نے کہا کہ یہ منفرد منظر ۲۷/ مئی ۲۰۲۶ء بروز بدھ دوپہر کے وقت پیش آئے گا، جو کہ اسلامی تقویم کے لحاظ سے ۹/ ذوالحجہ ۱۴۴۷ھ ہجری یعنی یوم عرفہ کا دن ہو گا۔ اس مخصوص لمحے پر سورج کا زاویہ خانہ کعبہ کے بالکل اوپر ہونے کی وجہ سے مکہ مکرمہ اور اس کے گردونواح میں خانہ کعبہ سمیت ہر چیز کے سائے عارضی طور پر پورے ختم ہو جائیں گے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ خطِ استوا اور خطِ سرطان کے درمیان سورج کی ظاہری گردش اور مکہ مکرمہ کے جغرافیائی محل وقوع (۲۱.۴/ ڈگری شمالی عرض بلد) کی وجہ سے سورج کا خانہ کعبہ کے اوپر آنا کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے۔ یہ عمل سال میں دو بار ہوتا ہے۔ تاہم اس واقعے کو جو چیز انتہائی خاص اور نایاب بناتی ہے، وہ اس کا اسلامی سال کے مقدس ترین دن 'یوم عرفہ' کے ساتھ یکجا ہونا ہے۔ ماہرین فلکیات کے مطابق اس سے قبل یوم عرفہ اور سورج کے خانہ کعبہ کے عین اوپر آنے کا یہ نایاب ملاپ آخری بار سال ۱۹۹۳ء میں دیکھا گیا تھا۔ قمری ہجری کیلنڈر اور شمسی عیسوی کیلنڈر کے دنوں کے فرق کی وجہ سے یہ حیرت انگیز اتفاق تقریباً ۳۳/ سال کے طویل عرصے بعد دوبارہ رونما ہو رہا ہے، کیونکہ قمری چکر کو دوبارہ اسی شمسی تاریخ پر آنے کیلئے تقریباً ۳۳/ برس کا وقت درکار ہوتا ہے۔ دوسری جانب سعودی عرب کے محکمۂ موسمیات نے اس حوالے سے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے

بولیویا: حکومت مخالف مظاہرے شدید، صدر کے استعفے کا مطالبہ تیز

نئی دہلی (ایم این این): بولیویا میں جاری شدید معاشی اور سیاسی بحران کے دوران حکومت مخالف مظاہروں میں مزید شدت آ گئی ہے جبکہ صدر رودریگو پاز کے استعفے کے مطالبات بھی زور پکڑتے جا رہے ہیں۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق مظاہرین نے ملک کے نو انتظامی علاقوں میں کم از کم ۵۹/ مختلف مقامات پر سڑکیں اور اہم شاہراہیں بند کر دی ہیں، جس کے باعث نقل و حمل کا نظام شدید متاثر ہوا ہے۔ بولیوین ہائی وے ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین روڈمیپ کے مطابق لاپاز، اورورو اور پوتوسی کے اینڈین علاقوں کے ساتھ ساتھ چوکی ساکا، کوچابامبا اور سانتا سیریا میں بھی ٹریفک اور ٹرانسپورٹ شدید متاثر رہی۔

اسرائیل: وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو اسپتال داخل

نئی دہلی (ایم این این): پیر کی شام یروشلم کے ہداسہ عین کریم مرکز منتقل کیا گیا، جہاں وہ مبینہ طور پر ایک "دانتوں کے علاج" سے گزر رہے ہیں۔ اسرائیلی اخبار ٹائمز آف اسرائیل نے مقامی میڈیا رپورٹس کے حوالے سے یہ اطلاع دی۔ یہ پیش رفت ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب اسرائیلی وزیر اعظم کی صحت مسلسل عوامی اور سیاسی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ گزشتہ ماہ نیتن یاہو نے سوشل میڈیا پر جاری ایک بیان میں انکشاف کیا تھا کہ وہ ایک مہلک پروسٹیٹ ٹیومر کے لیے کامیاب ریڈی ایشن تھیراپی سے گزر چکے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا تھا کہ اس معلومات کو اس لیے خفیہ رکھا گیا تاکہ ایران جاری تنازع کے دوران اسے پروپیگنڈے کے طور پر استعمال نہ کر سکے۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان حالیہ جنگ کے دوران سوشل میڈیا پر یہ افواہیں بھی گردش کرتی رہیں کہ نیتن یاہو یا تو ہلاک ہو چکے ہیں یا ملک چھوڑ کر فرار ہو گئے ہیں، تاہم بعد میں ان تمام دعوؤں کو غلط قرار دیا گیا۔ ۷۶/ سالہ اسرائیلی وزیر اعظم کی صحت گزشتہ چند برسوں سے مسلسل سوالات کی زد میں رہی ہے۔ ناقدین کا الزام ہے کہ نیتن یاہو اور ان کے دفتر نے بارہا ان کی صحت سے متعلق معلومات کو مکمل طور پر عوام کے سامنے ظاہر نہیں کیا۔ نیتن یاہو نے اپنے حالیہ بیان میں یہ واضح نہیں کیا تھا کہ انہیں پروسٹیٹ ٹیومر کی تشخیص کب ہوئی، علاج کب شروع ہوا اور کب مکمل ہوا۔ ان کے دفتر کی جانب سے ایک سالانہ صحت رپورٹ اور کینسر کے علاج سے متعلق مختصر نوٹ جاری کیا گیا، لیکن ناقدین نے ان دستاویزات کو "غیر واضح" اور "ناکافی" قرار دیا۔ رپورٹس کے مطابق جاری کردہ میڈیکل نوٹ میں صرف چند مختصر نکات شامل تھے، اس میں یہ بھی واضح نہیں کیا گیا تھا

ایران کے ساتھ 60/ روزہ جنگ بندی پر ٹرمپ کی اپنی پارٹی کے اراکین کی تنقیدیں

نئی دہلی (ایم این این): امریکی سینیٹ میں متعدد سینئر ریپبلکن نے امریکہ اور ایران کے درمیان زیر مذاکرات معاہدے پر شدید تنقید کی مہم شروع کر دی ہے۔ ان ریپبلکن نے خبردار کیا کہ یہ ممکنہ سمجھوتہ تہران کے خلاف حالیہ امریکی اسرائیلی فوجی مہم کے مقاصد کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور مہینوں کے تصادم کے بعد ایران کو خطے میں ایک مضبوط پوزیشن فراہم کر سکتا ہے۔ یہ تنقید اس وقت سامنے آئی ہے جب امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ تنازع کو ختم کرنے کا معاہدہ مذاکرات کے لحاظ سے تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ رپورٹ بتاتی ہیں کہ مجوزہ فریم ورک میں ۶۰/ دنوں کی جنگ بندی شامل ہے جس کا مقصد ایرانی جوہری پروگرام کے بارے میں اضافی گفتگو کیلئے راستہ بنانا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی جہاز رانی کیلئے آبنائے ہرمز کو بغیر کسی فیس کے دوبارہ کھولنا اور ایرانی بندرگاہوں پر امریکی محاصرے کا خاتمہ شامل ہے۔ اس کے بدلے میں تہران کئی محاذوں پر اپنی جارحانہ سرگرمیاں بند کرے گا اور

لبنان میں حزب اللہ جیسے مسلح گروہوں کی حمایت بھی بند کرے گا۔ مجوزہ جنگ بندی پر تنقید سینیٹ کی مسلح خدمات کی کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر راجر وکر نے مجوزہ ۶۰/ روزہ جنگ بندی کو ایک تباہی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اس غیر حقیقت پسندانہ مفروضے پر مبنی ہے کہ ایران نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ گزشتہ تین ماہ کے دوران حاصل کی گئی فوجی کامیابیوں کو بے وقعت بنا دے گا اور امریکی موقف کی کمزوری کا تاثر دے گا۔ دوسری طرف ٹرمپ کے اہم ترین اتحادیوں اور ایران پر دباؤ کی پالیسی کے حامیوں میں سے ایک سینیٹر لنڈسے گراہم نے بھی معاہدے کے بارے میں گہرے شکوک و شبہات کا اظہار کیا اور کہا ہے کہ ایرانی خطرات سے آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر محفوظ نہ کر پانے کی وجہ سے کسی سمجھوتے تک پہنچنا تہران کو خطے میں ایک غالب طاقت کے طور پر دکھائے گا۔ اس صورت حال کو انہوں نے طویل مدت میں خطے کے لیے ایک ڈراؤنا خواب قرار دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضرورت ایک درست معاہدے تک پہنچنے کی ہے، نہ کہ جلدی میں کیے گئے سفارتی حل کو قبول کرنے کی۔ سینیٹر ٹام ٹلس نے بھی گردش کرنے والے موجودہ فارمیٹ میں اس معاہدے کو مسترد کرنے کا اعلان کر دیا اور کہا کہ وہ کسی ایسے سمجھوتے کی حمایت نہیں کر سکتے جو ایران کے اندر جوہری مواد کی موجودگی کی اجازت دیتا ہو۔ انہوں نے اس سلسلے میں سابق امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو کے موقف کی تائید کی جن کا خیال ہے کہ یہ معاہدہ ایران کی جوہری صلاحیتوں کو حتمی طور پر بے اثر نہیں کرتا۔ کئی دوسرے ریپبلکن، جن میں سینیٹرز ٹام کاٹن اور ٹیڈ کروز شامل ہیں، نے حالیہ دنوں میں اسی طرح کی تنقید کا حصہ بنتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ کسی بھی حتمی معاہدے میں یورینیم کی افزودگی کے لیے ایران کی صلاحیتوں کا مکمل خاتمہ۔

حتمی معاہدہ تک پہنچنے کیلئے ایران کو 7/ دن کی مہلت

نئی دہلی (ایم این این): امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے مشرقِ وسطیٰ میں جنگ کے خاتمے کیلئے ایران کے ساتھ کسی بھی فوری معاہدے کے امکانات کو کم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کسی معاہدے میں جلد بازی کے حق میں نہیں ہیں۔ فاکس نیوز کے مطابق امریکی انتظامیہ کے ایک اعلیٰ اہلکار نے بتایا کہ پیر کے روز کسی معاہدے پر دستخط نہیں ہوں گے تاہم صدر ٹرمپ نے ایران کو ۵/ سے ۷/ دن کی مہلت دی ہے تاکہ وہ ایک قابلِ قبول معاہدے کی تیاری مکمل کرے جس کی بنیاد یہ ہو گی کہ ایران کے پاس کوئی جوہری ذخیرہ نہ ہو اور منجمد اثاثے بھی موجود نہ رہیں۔ اہلکار کے مطابق ایران نے اصولی طور پر اس فریم ورک پر اتفاق کر لیا ہے اور اس کا تقریباً ۹۵/ فیصد حصہ طے پا چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جوہری ذخائر اور آبنائے ہرمز کے حوالے سے بھی معاہدہ ہو چکا ہے جبکہ صرف حتمی مسودے کی تیاری باقی ہے۔ اس سے قبل امریکی صدر نے پلیٹ فارم 'ٹروتھ' پر لکھا کہ ایران سے مذاکرات منظم اور تعمیری انداز میں جاری ہیں۔ ان کے مطابق انہوں نے مذاکراتی وفد کو ہدایت دی ہے کہ معاہدے میں جلد بازی نہ کی جائے کیونکہ وقت ان کے حق میں ہے۔ ٹرمپ نے ایران پر بحری دباؤ (سی گارڈ/ بحری ناکہ بندی) کو اس وقت تک برقرار رکھنے کا بھی عندیہ دیا، جب تک کوئی معاہدہ طے پا کر اس کی منظوری اور دستخط نہیں ہو جاتے۔ دوسری جانب امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکراتی عمل کے دوران غیر معمولی پیش رفت دیکھنے میں آئی ہے اور اب ایسی خبریں آنا شروع ہو گئی ہیں جن سے لگتا ہے

ایران معاہدے پر ٹرمپ کو متاثر کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے: نیتن یاہو

نئی دہلی (ایم این این): اسرائیلی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ بنجامن نیتن یاہو نے بند کمرہ حکومتی مشاورت کے دوران اعتراف کیا کہ انہیں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ایران سے متعلق فیصلوں پر اثر انداز ہونے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ یہ رپورٹس ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب امریکہ اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات مبینہ طور پر ایک ایسے معاہدے کے قریب پہنچ رہے ہیں جس کا مقصد ایران کے خلاف جاری کشیدگی اور ممکنہ جنگی صورتحال کو ختم کرنا ہے۔ اسرائیلی نشریاتی ادارے چینل ۱۳/ نے نامعلوم سیاسی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا

غزہ فلوٹیلا معاملہ:
ملائیشیا اسرائیل کو عالمی عدالت میں لے جانے کی تیاری میں

نئی دہلی (ایم این این): ملائیشیا کی حکومت نے غزہ جانے والے عالمی صمود انسانی امدادی فلوٹیلا کے کارکنوں کے مبینہ اغوا اور تشدد کے معاملے پر اسرائیل کے خلاف عالمی سطح پر قانونی کارروائی کرنے کا اعلان کیا ہے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ملائیشیا اسرائیل کو عالمی عدالت انصاف (آئی سی جے) میں لے جانے کی تیاری کر رہا ہے۔ ملائی میل کی رپورٹ کے مطابق، ملائیشیا کی ریاست سیلنگور کے وزیر اعلیٰ امیر شری نے کہا کہ قانونی ٹیم اس معاملے سے متعلق معلومات، بیانات اور معاون شواہد جمع کر رہی ہے، اور جیسے ہی یہ عمل مکمل ہو گا حکومت باضابطہ قانونی کارروائی شروع کرے گی۔ یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی ہے جب غزہ کے لیے روانہ ہونے والے عالمی صمود انسانی امدادی فلوٹیلا کے ۴۰۰/ سے زائد بین الاقوامی کارکنوں کو گزشتہ ہفتے اسرائیلی فورسیز نے مبینہ طور پر بین الاقوامی پانیوں میں روک کر حراست میں لے لیا تھا۔ فلوٹیلا کا مقصد غزہ تک انسانی امداد پہنچانا اور اسرائیلی بحری ناکہ بندی کو چیلنج کرنا تھا۔ کوالالمپور انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر "گلوبل صمود فلوٹیلا ۲.۰" کے شرکاء کے استقبال کے دوران خطاب کرتے ہوئے امیر الدین شری نے کہا، "ہم خاموش نہیں رہیں گے، ہم نہیں رکیں گے۔

میدان عرفات میں ٹھنڈک کے خصوصی انتظامات، چھتری کے استعمال کی ہدایت

نئی دہلی (ایم این این): دنیا بھر سے آئے ہوئے لاکھوں عازمین حج مکہ مکرمہ سے منیٰ پہنچ گئے ہیں جس کے ساتھ ہی مناسک حج کا باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے۔ حجاج کو گرمی سے بچانے کے لیے میدان عرفات میں ماحول کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ آج حج کا رکن اعظم وقوف عرفات ادا کیا جائے گا۔ ۱۶/ لاکھ سے زائد عازمین عرفات میں قیام کریں گے اور مسجد نمرہ سے خطبہ حج دیا جائے گا۔ حج ایام میں سعودی عرب میں گرد و غبار کے طوفان کے ساتھ شدید ترین گرمی کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اس لیے سعودی حکومت نے میدان عرفات اور مسجد نمرہ کے اطراف کے ماحول کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ حج ۲۰۲۶ء کے ترقیاتی منصوبے کے مطابق میدان عرفات اور مسجد نمرہ کے اطراف میں شجر کاری کے ذریعے سیکڑوں سایہ دار درختوں کے ساتھ شیڈ اسٹرکچر اور بڑی تعداد میں ٹھنڈے پانی کی پھوار چھڑکنے والے جدید پنکھے نصب کیے گئے ہیں تاکہ وقوف عرفہ کے دوران حجاج کو گرمی کی شدت سے محفوظ رکھا جا سکے۔ مسجد نبویؐ میں روضہ شریف کی زیارت کے لیے اوقات کار اور بکنگ شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ سعودی وزارت حج و عمرہ کی جانب سے جاری شیڈول کے مطابق مرد حضرات کیلئے روزانہ زیارت کا وقت رات ۲/ سے نماز فجر تک ہو گا۔ صبح ۱۱/ بجکر ۲۰/ منٹ سے نماز عشا تک بھی زیارت کا وقت مردوں کیلئے مقرر کیا گیا ہے۔ خواتین فجر کے بعد سے صبح ۱۱/ بجے تک اور نماز عشا کے بعد رات ۲/ بجے تک زیارت کر سکیں گی۔ جمعہ کو مردوں کیلئے زیارت کا وقت رات ۲/ سے نماز فجر تک ہو گا اور صبح ۹/ بجے سے نماز عشا تک ہو گا جبکہ خواتین فجر کے بعد سے صبح ۹/ بجے تک اور نماز عشا کے بعد رات ۲/ بجے تک زیارت کر سکیں گی۔ سعودی وزارت صحت کی جانب سے عازمین کو دوران حج دھوپ سے بچاؤ کے لیے چھتری کے استعمال کی ہدایت کی گئی ہے۔ وزارت صحت کے بیان میں کہا گیا ہے

صمود فلوٹیلا: آسٹریلوی کارکن وطن لوٹے، اسرائیلی حراست میں جنسی زیادتی کے الزام

نئی دہلی (ایم این این): غزہ کے لیے انسانی امداد پہنچانے کی کوشش کرنے والے عالمی صمود فلوٹیلا میں شامل آسٹریلوی کارکن اسرائیلی حراست سے رہائی کے بعد وطن واپس پہنچنا شروع ہو گئے ہیں، جہاں انہوں نے مبینہ تشدد، جنسی زیادتی اور غیر انسانی سلوک کے سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ۱۱/ آسٹریلوی کارکن ان سیکڑوں بین الاقوامی رضاکاروں میں شامل تھے جو امدادی مشن کے تحت غزہ کی طرف روانہ ہوئے تھے۔ گزشتہ ہفتے اسرائیلی فورسیز نے بین الاقوامی پانیوں میں فلوٹیلا کو روک کر اس پر کارروائی کی اور متعدد کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔ آسٹریلوی نشریاتی ادارے ایس بی ایس نیوز کے مطابق کئی کارکنوں نے دعویٰ کیا کہ حراست کے دوران ان کی ہڈیاں ٹوٹی گئیں، چہروں پر تشدد کیا گیا اور بعض افراد کو نامعلوم مادوں کے انجکشن لگائے گئے۔ وائلٹ کوکو، جو پیر کی صبح میلبورن واپس پہنچیں، نے الزام لگایا کہ اسرائیلی حکام نے کارکنوں کو مارا پیٹا، جنسی طور پر ہراساں کیا۔

برطانیہ: ہندنژاد ماں بیٹا (پروین رانی، تشار کمار) بیک وقت میئر منتخب

نئی دہلی (ایم این این): برطانیہ میں ہندوستانی نژاد ایک خاندان نے تاریخ رقم کرتے ہوئے ایک منفرد اور غیر معمولی اعزاز اپنے نام کر لیا ہے۔ ہریانہ سے تعلق رکھنے والے ۲۳/ سالہ تشار کمار اور ان کی والدہ پروین رانی بیک وقت برطانیہ میں میئر منتخب ہو گئے ہیں۔ پی ٹی آئی کی رپورٹ کے مطابق، تشار کمار کو ۱۳/ مئی کو ایلسٹری اینڈ بورہم ووڈ ٹاؤن کونسل کا میئر منتخب کیا گیا، جس کے ساتھ ہی وہ برطانیہ کے کم عمر ترین ہندوستانی نژاد میئر بن گئے۔ اس کے صرف ایک ہفتے بعد یعنی ۲۰/ مئی کو ان کی والدہ پروین رانی کو ہارٹسمیر بورو کونسل کی میئر منتخب کر لیا گیا۔ یہ غیر معمولی کامیابی نہ صرف خاندان بلکہ برطانیہ میں مقیم ہندوستانی برادری کے لیے بھی باعث فخر سمجھی جا رہی ہے۔ اس خاندان کی جڑیں ہریانہ کے ضلع سونی پت کے روہنا گاؤں سے جڑی ہوئی ہیں، جبکہ وہ کئی برس تک روہتک میں مقیم رہے۔ خاندان ۲۰۱۳ء میں برطانیہ منتقل ہوا تھا۔ تشار کے والد سنیل دہیا کے مطابق، جب وہ برطانیہ آئے تو ان کے پاس مستقبل کے حوالے سے کوئی واضح منصوبہ نہیں تھا، تاہم مسلسل محنت اور سماجی خدمات نے انہیں اس مقام تک پہنچایا۔ تشار کمار نے کم عمری میں ہی عوامی زندگی میں قدم رکھا۔ وہ محض ۲۰/ برس کی عمر میں کونسلر منتخب ہوئے اور ۲۰۲۳ء میں ایلسٹری اور بورہم ووڈ ٹاؤن کونسل کا حصہ بنے۔ بعد ازاں انہوں نے ڈپٹی میئر کے طور پر خدمات انجام دیں اور اب میئر منتخب ہو گئے ہیں۔ کنگز کالج (لندن) سے گریجویشن مکمل کرنے والے تشار اس سال ماسٹر ڈگری بھی حاصل کرنے والے ہیں۔

’’خواتین کے خلاف وراثت میں ملنے والا تعصب ختم کرنا ہوگا!‘‘

مصری خواتین کے حقوق کی جدوجہد کا احاطہ کرتا ہوا خصوصی مضمون

صنفی مساوات، مختلف شعبوں میں خواتین کو بااختیار بنانا، ان کے خوابوں، ان کی تمناؤں اور آرزوؤں کو پورا کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرنا، دنیا بھر کے معاشروں کو خواتین کے مضبوط اور بااثر حالات کی یاد دلانا، ان کی کام یابیوں کا جشن منانا، خواتین کے مسائل پر توجہ دے کر صنفی مساوات کی حمایت کرنا اور خواتین کے موثر اور بااثر کردار کو اجاگر کرنا ہے۔

ہم خواتین کی بہت سی کام یاب مثالیں دیکھتے ہیں، جنھوں نے تعصب اور تفریق کے دقیانوسی تصورات کو توڑا ہے، تمام معاملات بالخصوص اپنے حقوق حاصل کرنے کے لیے انھوں نے جو جد وجہد کی ہے، وہ قابل تعریف ہے۔ کام کرنے کا حق، تعلیم، صحت، معاشی برابری جیسے شعبوں میں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ان کا عزم اور ان کا کردار کمال کا ہے۔

مصر کی تاریخ مختلف شعبوں میں خواتین کے حیرت انگیز کارناموں سے بھری پڑی ہے۔ عہد قدیم اور قرون وسطی سے لے کر جدید دور تک، مصر کے معاشرے میں خواتین کے کام یاب ماڈل بہت ہیں، بہت سی باصلاحیت مصری خواتین نے کئی شعبوں میں نمایاں اور باوقار کام یابیاں حاصل کی ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ جیسے ہی انھیں مواقع میسر آئے، انھوں نے اپنے پورے حوصلے اور نہ ختم ہونے والے عزم کے ساتھ اپنی موجودگی کا ثبوت دیا اور مقامی اور بین الاقوامی سطح تعلیم، صحافت، سیاست، ہوا بازی، سائنسی تحقیق وغیرہ کے شعبوں میں دھوم مچادی۔

8 مارچ کو عالمی یوم خواتین کے ساتھ ساتھ مصر میں ہر سال **16** مارچ کو مصری خواتین کا دن منایا جاتا ہے۔

اس تاریخ کا انتخاب خاص طور پر اس وجہ سے کیا گیا ہے کہ یہ مختلف تاریخی مراحل میں مصری خواتین کی زندگی میں اہم مقامات کی یاد رکھتی ہے، جن میں نوآبادیات کے خلاف ان کی بغاوت، آزادی کے لیے ان کی جدوجہد اور ان کے دو اہم ترین سیاسی حقوق حاصل کرنے کی یاد ہے۔ یہ یوم شہادت ان شہدا کی تاریخ ہے، جو **100** سال قبل انگریزوں کے قبضے کے خلاف لڑائی میں شہید ہوئیں۔

مصری یوم خواتین کی تاریخ **16** مارچ **1919**ء سے شروع ہوئی، جب خواتین نے جدید مصر کی تاریخ میں پہلی بار انگریزی قبضے کے خلاف سڑکوں پر احتجاج کیا۔ اس کی شروعات حقوق پرست راہ نما مسز ہدی شعراوی کی جانب سے اس دن انگریز قبضے کے خلاف خواتین کے مظاہرے کی دعوت سے ہوئی، انھوں نے خواتین کے ایک ایسے مظاہرے کی قیادت کی جسے اپنی نوعیت کا پہلا مظاہرہ سمجھا جاتا تھا، جس میں **300** سے زائد مصری خواتین نے شرکت کی۔

مظاہروں کے دوران کچھ خواتین ’’وطن کی شہید‘‘ بن گئیں، اور اس دن سے لڑائی مصری خواتین کے اپنے حقوق اور اپنے ملک کے حقوق کے دفاع کے پیغام کا حصہ بن گئی۔ اس مظاہرے کے ذریعے انھوں نے پہلی مصری فیڈریشن برائے خواتین کے قیام، خواتین کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور سماجی و سیاسی مساوات کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا

16 مارچ **1923** کو، ہدی شعراوی نے مصر میں پہلی خواتین یونین کے قیام کا مطالبہ کیا، جس کا مقصد خواتین کے سیاسی اور معاشرتی حقوق حاصل کرنا اور مرد کے ساتھ مساوات حاصل کرنا تھا، نہ صرف یہ، بلکہ لڑکیوں کو یونیورسٹی تک تمام مراحل میں عوامی تعلیم حاصل کرنے اور شادی سے متعلق قوانین میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا۔

انھوں نے قانون سے مطالبہ کیا کہ وہ شادی، تعلیم اور سیاسی حقوق کے استعمال سے متعلق مصر کے قوانین کو تبدیل کرے۔ **16** مارچ کا یہ واحد متاثر کن واقعہ نہیں تھا، جس کا مرکزی کردار مصری خاتون تھیں۔

16 مارچ **1928**ء کو لڑکیوں کا پہلا گروہ قاہرہ یونیورسٹی میں داخل ہوا۔ کئی خواتین نے تعلیم اور عوامی ملازمت کے حق کو یقینی بنانے کے لیے پیشہ ورانہ شعبوں میں کام یابی حاصل کی ہے۔ پہلی مصری خاتون نے لیسٹر آف رائٹس کی ڈگری حاصل کی، اور پہلی مصری اور عرب وکیل کی حیثیت سے منیرہ کا نام **1924**ء میں مخلوط عدالتوں کے سامنے وکلا کی فہرست میں درج کیا گیا۔

ہیلینا سیڈاروس نے طب کے میدان میں کام یابی حاصل کی اور پہلی مصری ڈاکٹر بن گئی۔ خواتین نے سماجی انصاف پر اصرار کیا اور سائنسی طور پر اعلی درجے حاصل کیے۔ **16** مارچ **1956**ء کو مصری خواتین پارلیمان کی رکن بن گئیں، مصری آئین نے انھیں باقاعدہ امیدوار بننے کی اجازت دی تھی اور انھیں پارلیمان کے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کا حق بھی دیا تھا۔

آج، سو سال اور اس سے زیادہ عرصے کے بعد، مصری عورت تمام شعبوں میں اپنی صلاحیت، قابلیت کی بنیاد پر حقیقی طور پر بااختیار بننے کا ثمر

حاصل کر رہی ہے۔ مصری خواتین اب ایسے اہم عہدوں پر فائز ہو رہی ہیں، جو پہلے انھیں میسر نہیں تھے۔

آج کی مصری خاتون کی کام یابی کی یہ علامت ہے کہ خواتین کی رسائی ججوں کے پلیٹ فارم تک ہو چکی ہے۔ خواتین کچھ دن قبل ہی عدلیہ کے اس مسند تک پہنچ گئیں، جو اب تک صرف مردوں کے لیے مخصوص تھی۔ مصر کی تاریخ میں پہلی بار، **5** مارچ کو جج رضوی حلمی مسند عدالت پر بیٹھیں۔ مصری عورت کو اس کام یابی کی سہرا ’’اومنیہ جاداللہ‘‘ کے سر باندھا جانا چاہیے، جنھوں نے قانون کی ’فیکلٹی‘ سے گریجویشن کیا اور بعد میں قانون میں ماسٹر ڈگری بھی حاصل کی ہے۔

انھوں نے انسانی حقوق کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے، لڑکیوں کی حمایت کرنے اور مصری خواتین کی عدلیہ تک رسائی سے روکے جانے کے معاملوں کے حوالے سے امتیازی سلوک کا مقابلہ کرنے کے سلسلے میں بیداری پیدا کی۔ وہ خواتین کے اعلی منصب پر پہنچنے کی پرزور وکالت کرتی رہی ہیں۔

عدالتوں میں خاص طور پر اور معاشرے اور عمومی طور پر خواتین کی ترقی کے معاملوں پر وہ بے حد یقین رکھتی ہیں۔ انھوں نے خواتین کے پس ماندہ رہنے اور ریاستی کونسل کے اندر ان کے حقوق دبائے جانے کے معاملات کو پوری طرح مسترد کیا ہے۔

جب کونسل نے ایک خاتون کا بہ حیثیت جج تقرر کرنے سے انکار کیا، تو امنیہ نے ریاستی کونسل میں بطور معاون مندوب مقرر ہونے کی اپنی اہلیت کے حوالے سے ایک مقدمہ دائر کیا۔ جس میں ان کا دعویٰ تھا کہ تقرری اور ملازمت کی شرائط کے مطابق انھیں بھی ریاستی کونسل میں عدلیہ کے پوڈیم تک پہنچنے کا موقع ملنا چاہیے۔

جداللہ نے خواتین کی عدلیہ تک رسائی کے حق کے دفاع کے لیے اپنی مہم جاری رکھی، یہاں تک کہ صدر جمہوریہ نے فیصلہ جاری کر دیا اور اب ریاستی کونسل میں **98** خواتین جج اپنے ساتھی ججوں کے ساتھ بنچ پر بیٹھنے کی حق دار ہوگئی ہیں۔

مصر میں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اس وقت یہاں ایک خاتون وزیر سیاحت ہے۔ اب تک یہ عہدہ روایتی طور پر مردوں کے ماتحت اور ان کی بالادستی میں رہا ہے۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ ایک خاتون کی قیادت میں اس شعبے نے بہت زیادہ کام یابیاں حاصل کی ہیں، انھوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ خواتین دنیا میں تبدیلی لانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ انھوں نے داخلی اور خارجی طور پر مصر کی بہترین نمائندگی کر کے دنیا پر یہ ثابت کر دیا کہ کوئی بھی چیز ناممکن نہیں ہے۔ انھوں نے تعصب کے سانچے کو توڑنے میں کام یابی حاصل کی اور اس عہدے پر کام کر کے **2019**ء میں مصر کی تاریخ میں سیاحت سے ہونے والی آمدنی کے پرانے ریکارڈ توڑ دیے۔

ان کے علاوہ بہت سی ایسی شان دار مصری خواتین ہیں، جو اپنی پیشہ ورانہ اور ذاتی کام یابیوں کے ذریعے ہر روز صنفی اور جنسی تعصبات کو توڑ رہی ہیں۔ مصری پارلیمان کا ایوان بالا میں خواتین کی غیر معمولی موجودگی کے علاوہ سرکاری ملازمتوں میں خواتین کی شرح **45** فی صد تک پہنچ گئی ہے، حکومت میں خاتون وزرا کا تناسب **25** فی صد تک پہنچ گیا، یعنی وزرا کا ایک چوتھائی حصہ خواتین پر مشتمل ہے۔

گذشتہ کئی برس کے دوران مختلف ریاستی اداروں میں خواتین کی نمائندگی میں قابل ذکر اضافہ ہوا ہے۔ خواتین نے پہلی بار قومی کونسل برائے انسانی حقوق کی صدارت حاصل کی، ریاستی کونسل اور انتظامی پراسیکیوشن میں بھی ان کو اپنی کارکردگی دکھانے کا موقع ملا۔ مرکزی بینک کی پہلی ڈپٹی سربراہ، ڈپٹی گورنر، صدر جمہوریہ کی مشیر برائے قومی سلامتی اور اقتصادی عدالت کی پہلی خاتون صدر ہونے کا شرف بھی مصری خواتین کا حاصل ہو چکا ہے۔

یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ بعض سیاست دانوں نے خواتین کے ساتھ تفریق اور سوتیلے برتاؤ کے خلاف جاری خواتین کی تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور ان کی حقوق کی فراہمی کی راہ ہموار کرنے میں مدد کی ہے، انھوں نے خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے کام کیا ہے اور مختلف شعبوں میں عورت کی صلاحیتوں کا کھل کر اعتراف کیا۔

آخر میں، میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ وہ تعصب اور تفریق جو عورت کی ترقی اور اس کے آگے بڑھنے کو مشکل بنائے اس کو مٹا دینا چاہیے، چاہے یہ تعصب اور تفریق جان بوجھ کر ہو یا ان جانے میں۔

تعصب و تفریق کو توڑنے کے لیے، معاشرے کو سب سے پہلے یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ یہ ناروا سلوک ہے۔ میرے خیال میں خواتین کے ساتھ اختیار کیے جانے والا تعصب ایک سماجی مسئلہ ہونے سے پہلے ایک خاندانی مسئلہ ہے۔

سچ بات تو یہ ہے کہ خواتین کے خلاف تعصب سب سے پہلے کنبے اور خاندان سے شروع ہوتا ہے۔ دراصل تعصب اور تفریق کا رواج بہت سے خاندانوں میں فطری معلوم ہوتا ہے، کیوں کہ اخلاقی اور روایتی لحاظ سے نسلوں کو یہ تعصب وراثت میں ملتا ہے۔

اس کو ہمارے بچوں، مردوں اور عورتوں کی طرف سے بڑھایا جاتا ہے، اسی بنیاد پر میں کہنا چاہوں گی کہ اس تعصب کو ختم کرنا صرف قانون سازی سے مکمل نہیں ہو سکتا، بلکہ اس کے لیے گھروں، دفتروں، کارخانوں، اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور ہمارے آس پاس کی جگہوں پر بیداری پیدا کرنا ہوگی، تاکہ اس صنفی اور جنسی تفریق و تعصب کا خاتمہ ہو۔ اس بات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ عورت اور مرد مل کر ایک محفوظ اور مستحکم معاشرہ بناتے ہیں۔

اس بات سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ عورت معاشرے کا نصف حصہ ہے، وہی خوشی کا منبع ہے، اپنے اردگرد رہنے والوں کے لیے طاقت اور توانائی کی بنیاد ہے، اپنے شوہر اور بچوں کے لیے نرمی اور محبت کا سرچشمہ ہے۔ وہ ماں ہے، بیوی ہے، بیٹی ہے اور بہن ہے۔ اسلام عورت کو ممتاز کرنے اور اسے اپنے خاندان میں ایک خاص مقام دینے کا خواہاں ہے۔

ایام جاہلیت میں بھی اسلام نے قبیلوں کے غیر انسانی رسم و رواج کو بدل کر لڑکیوں سے محبت کرنے کا حکم دیا، جو معاشرہ لڑکیوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا اس کو۔ رسول اللہ نے حکم دیا کہ عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی میری وصیت قبول کرو۔ آخر میں، میں ہر اس خاتون کو سلام پیش کرتی ہوں، جس نے ہمیشہ اس بات کو ثابت کیا ہے کہ وہ ترقی اور تعمیر میں قوم کی ڈھال اور تلوار ہے۔

وطن
سرینگر

انسان من مانیوں پر گامزن

انسان جب نفس امارہ کی طرف راغب ہوتا ہے تو زمانے میں نئی نئی کہانیاں جنم لیتی ہیں اور نئے مسائل پیدا ہوتے ہیں ۔حالانکہ انسان کو زندگی گذارنے کے لئے نقشہ راہ دکھایا گیا ہے لیکن دستور حیات سے ہٹ کر اپنی من مانیوں پر گامزن ہے ۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ انا پرستی اور دولت کی ہوس نے انسان کی آنکھوں پر پردہ ڈالا ہے اور اس کے تمام اثرات نجی زندگی پر مرتب ہوجاتے ہیں ۔۔ موجودہ زمانے میں انسان مکمل طور تبدیل ہوا ہے ۔لوگ تو اپنے کاموں میں اس طرح مشغول ہوئے ہیں کہ کسی کو کوئی فرصت نہیں ہے۔ ہر ایک چیز، طریقہ ،تہذیب اور تمدن بدل گیا ہے۔ عدیم الفرصتی کے عالم ان پُرانی تمام رسموں اور روایتوں کا جنازہ نکل چکا ہے کیونکہ آج سے پہلے کئی دہائی لوگوں کی رشتہ داری اور ہمسائیگی اتنی مضبوط تھی کہ کوئی بھی اپنے آپ کو تنہا محسوس نہیں کرتا تھا ہر ایک اپنے سے دوسروں کی بجائی اور خوشحالی میں خوش ہو جاتا تھا عبادت وعیادت اور خوشی و غم کی تقریبات و دیگر معمولات زندگی بہترین طریقے سے گذرتی تھی ۔لیکن اب سب کچھ بدلا بدلا سا لگ رہا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ماضی میں مجموعی طور انسان کی مالی حالت ابتر تھی غربت عام تھی اور لوگ عسرت کی زندگی بسر کرتے تھے لیکن ایک دوسرے کے سہارے جیا کرتے تھے، دکھ درد اور خوشیوں میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹاتے تھے مذہبی رواداری، مساوات اور بھائی چارہ ہر انسان میں چاہیے امیر تھا یا غریب کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہو اتھا۔ایک ساتھ روتے تھے اور ایک ساتھ مسکراتے تھے تب وہ لوگ غریب تھے لیکن پُرسکون اور فرحت بخش زندگی گذارتے تھے لیکن انسان نے اپنی نظریں دور کی منزلوں کی طرف دوڑائے اور وہ غربت کی تمام آزمائشوں سے تنگ آکر ترقی کی دوڑ میں آگے بڑھنے لگا لیکن اس دوڑ میں انسان اصلی وجود وحقائق سے دور ہوتا گیا یہاں تک کہ اشرف المخلوقات ہوکر بھی معاشی حیوان بن بیٹھا۔اس کے بنیادی محرکات یہ ہیں کہ انسان نے مذہب کے اصولوں کی پابندی اور اخلاقی اقدار کی پاسداری سے اپنا توجہ ہٹا کر بے راہ روی، منشیات کے دھندوں اور بے حیائی کے طور طریقوں میں داخل ہوگیا۔ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ ہر ایک شخص ایک دوسرے کا معاوِن و مددگار ہوتا ہے ۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اگر آج بھی انسان مذہبی اصولوں اور اخلاقی اقدار کی پاسداری کرے تو عین ممکن ہے کہ انسان ترقی کے ساتھ ساتھ پُر امن اور خوشحال زندگی گذار سکتا ہے۔ اسکے لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ انسان خودغرضی، لالچ ،دھوکہ بازی اور فریب کاری سے اپنے آپ کو دور رکھ کر انسانوں کی طرح زندگی گذاریں اس ترقی یافتہ دور میں انسان کو اپنے حقیقی وجود کی طرف اپنی نظریں مرکوز کرنی لازمی ہے۔ تاکہ انسان اپنے نفس کے ساتھ ساتھ دوسروں کے لئے بھی خیر خواہ اور ہمدرد ثابت ہو سکے تو ضرور وہ انسان زندگی کے غموں سے نکل کر خوشحالی کی طرف گامزن ہوجائے گا۔

اعلی تعلیم ہی خواتین کو خود کفیل بنا سکتی ہے

تحریر۔۔۔۔۔بابر نفیس
ڈوڈہ، جموں

دس سال پہلے جموں وکشمیر میں لڑکیوں کی اعلی تعلیم کا رواج بالکل نہیں تھا۔ ہاں یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ جموں کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں آج بھی لڑکیوں کے اعلی تعلیم کا رواج نہیں ہے۔ مگر دیہاتوں میں رہنے والی پچاس فیصد خواتین اعلی تعلیم سے روشناس ہو چکی ہیں۔ لڑکیوں کی اعلی تعلیم ہی انہیں خود مختار اور باصلاحیت بنا سکتی ہے۔ وقتی حالات کے مطابق خواتین کا باصلاحیت اور بااختیار ہونا انتہائی اہم ہے۔ جموں وکشمیر کے ساتھ ساتھ پورے ہندوستان میں اگر خواتین وکو خود مختیار اور باصلاحیت بنانا ہوگا تو ان کو اعلی تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ اس سلسلے میں ایک دیہی خاتون کہتی ہیں کہ میری عمر پچاس سال ہے۔ میرا تجربہ یہی کہتا ہے کی لڑکیاں کم از کم اتنی پڑھی لکھی ہوں کہ وہ اپنا مستقبل اپنی مرضی سے لکھ سکیں۔ لیکن افسوس ایسا دیکھنے کو نہیں ملتا ہے۔ جب میں چھوٹی تھی تب تعلیم کا اتنا زیادہ رواج نہیں تھا اور سکولوں کی بھی بہت زیادہ قلت تھی۔ انہوں نے کہا کہ آج کے اس دور میں اور اس گزرے دور میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔ میری شوق اتنے نہیں کہ میں اب خود تعلیم حاصل کرو لیکن مجھے امید ہے کہ میں اپنی لڑکیوں کو بہترین تعلیم سے روشناس کروں گی اور انہیں مستقبل لکھنے کا موقع دونگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کئی طرح کے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں کہ خواتین کو مفت تعلیم دی جائے مگر جموں وکشمیر کے پہاڑی علاقوں میں کوئی بھی ردعمل دیکھنے کو نہیں ملتا ہے۔ جو نہایت ہی افسوس کی بات ہے۔

ان کے علاوہ ضلع ڈوڈہ کے پہاڑی علاقے سے ایک خواتین نے بات کرتے ہوئے کہا کہ اعلی تعلیم انسان کو اعلی معیار کا بنا دیتی ہے کیوں کہ اس کے بعد آپ کا ذہن خود مختیار رہنے کے لیے آپ کو مجبور کرے گا۔ انہوں نے اس بات کو بڑی مضبوطی سے بیان کرنے کی کوشش کی کہ جب خواتین اعلی تعلیم یافتہ ہونگی تو اس کے ذہن میں زندگی بسر کرنے کے بہترین خیالات پیدا ہوں گے۔ تعلیم انسان کو بہتر انسان کی طرح جینا سکھاتی ہے۔ اور بہترین زندگی گزارنے کے لیے انسان خود مختار ہونا لازمی ہے۔ لیکن ایک عورت اس وقت تک خود مختیار نہیں ہوسکتی ہے جب تک اس کا ذہن آزاد نہیں ہوا اور یہ تعلیم کے بغیر ممکن نہیں ہوسکتا ہے۔ اگر ایک عورت کا ذہن غلامی کا شکار ہو تو وہ کبھی خود مختاری حاصل نہیں کر سکتی ہے۔ اس سلسلے میں ایک خاتون نعیمہ زرگر سے بات کی تو انہوں نے بتایا کہ ہاں، پہاڑی علاقہ کی خواتین کو ابھی تک اعلی تعلیم سے سے سرفراز نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دیہاتوں میں رہنے والی خواتین کئی طرح کے کام کرتی ہیں۔ ہم نے بہت کم خواتین کو دیکھا جو پہاڑی علاقوں میں سے تعلق رکھتی ہیں اور کسی بھی پروگرام میں حصہ لے پاتی ہوں کیونکہ ان میں ایک ایسا معیار نہیں ہے جو انسان کو صلاحیت دیتا ہے۔ جبکہ قابل تلافی اس بات سے ہوتی ہے کہ خواتین کو کم سے کم تعلیم دینے سے بھی روکا جاتا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ خاتون اور ایک غیر تعلیم یافتہ عورت میں زمین اور آسمان کا فرق ہوتا ہے جبکہ یہاں یہ بات ضروری ہے کہ خواتین کو اعلی تعلیم اگرچہ حاصل نہیں ہو لیکن کم از کم اتنی تعلیم سے روشناس ہوں جس سے آپ کا ذہنی معیار اس قدر ہو کہ آپ آج کے سماج میں ایک بہترین زندگی بسر کر سکیں۔

اس سلسلے میں ضلع پونچھ سے تعلق رکھنے والی تیس سالہ انجم آرا نے کہتی ہیں کہ مجھے اعلی تعلیم حاصل نہ کرنے پر کافی زیادہ دکھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے اس دور میں بھی لڑکیوں کو لڑکوں کے مقابلے کم سمجھا جاتا ہے۔ جبکہ یہ بات دیکھنے کو ملتی ہے کہ اگرچہ لڑکیاں کسی مقام میں حصہ لیتی ہیں تو لڑکوں کے بمقابل کافی اچھے نتائج دیکھنے کو ملتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اعلی تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصہ لینے کا بھی کافی زیادہ شوق تھا لیکن افسوس یہاں یہی بات پیش آئی کی لڑکوں کے مقابلے میں مجھے کم ترجیح دی گئی جس کی وجہ سے میں اپنا مستقبل بہتر نہیں دیکھ پائیں۔ انہوں نے بتایا کہ انسان اپنے مستقبل کے لیے کافی زیادہ محنت کرسکتا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اسے مستقبل راہ گیر تو ہوں۔ ان کے علاوہ کشمیر سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر طیبہ سے بات کی جو جموں کے بہترین ہسپتال میں بحیثیت ڈاکٹر کام کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں کافی سکون اور خوشی کی زندگی بسر کرتی ہوں۔ مجھے بچپن سے ہی ڈاکٹر بننے کا شوق تھا اور مجھے آزادانہ زندگی گزارنا بہت پسند تھا۔ میرے ماں باپ نے مجھے اعلی تعلیم دی۔ اور میری محنت میں وہ رنگ لایا کہ میں ڈاکٹر بن گئی۔ دراصل میرا کوئی بھائی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ میرا بھائی ہوتا تو شاید ہی میں اعلی تعلیم حاصل کرتی اور شاید ہی اس سے اونچے مقام پر ہوتی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنی لڑکیوں کو تعلیم دینے سے گریز نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ لڑکوں کے برابر ہی لڑکیوں کا بھی ذہین ہوتا ہے بلکہ لڑکیوں کا دماغی توازن لڑکوں سے زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ انہوں نے والدین کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی لڑکیوں سے پوچھ کر ان کے مستقبل کا فیصلہ لیں۔

اس سلسلے میں جب ہم نے گورنمنٹ ڈگری کالج کشتواڑ کے فارسی نصاب کے پروفیسر منیش پیے سے بات کی تو انہوں نے بتایا کہ ضلع انتظامیہ کے ساتھ ساتھ تعلیمی نظام کی جانب سے کئی طرح کے پروگرام کرائے جاتے ہیں تاکہ لڑکیوں کی تعلیم کو عام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آج سے دس سال پہلے اور آج کے حالات میں کافی زیادہ فرق دیکھنے کو مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کافی زیادہ بہتر ہوگا کہ اگر والدین اپنی لڑکیوں کو کالج اور سکول جیسی تعلیمی اداروں میں داخلہ دلایں اور انھیں اعلی تعلیم سے روشناس کرایں۔ آنے والا مستقبل سب کا بہتر ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک لڑکے کی تعلیم ایک گھر تک محدود رہتی ہے جبکی ایک لڑکی کی تعلیم دو خاندانوں کا مستقبل بہتر بناتی ہے۔

(چرخہ فیچرس)

کشمیر میں سوشل میڈیا مواد کا گرتا ہوا معیار تشویشناک

تحریر۔۔۔۔۔رئیس مسرور

